25/02/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی کی جانب سے کسان سمان ندھی سکیم کی19ویں قسط جا ری کئے جانے کے تناظر میں جمونو کشمیر میں بھی کئی تقریبات کا انعقاد کیا گیا،جن میں وزیر اعظم کے پروگرام کی لائیو سٹریمنگ کی گئی۔ زرعی یونیورسٹی شالیمار کے کیمپس میں منعقدہ ایک پروگرا م میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور وزیر زراعت جا وید احمد ڈار کے علاوہ حضرت بل، سونہ وار اور چھانہ پور کے ممبران اسمبلی، یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور دیگر کئی افسران نے شرکت کی۔

درینا ثناءبانڈی پورہ، شوپیان، اننت ناگ اور سرینگر میں محکمہ زراعت کے صدر دفتر میں بھی ایسی ہی تقریبات منعقد ہوئیں۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلونے کل جموں میں متعلقہ محکموں کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کر کے تحت پیش کی گئی اصلاحی Business Reform action plan کے سال 2024کےلئے سفارشات پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ یہ منصوبہ جمونو کشمیر میں تجارت کرنے کے عمل کو آسان بنانے پر مرکوز ہے۔

چیف سیکریٹری نے ان سفارشات کو من و عن عملانے کی سخت ہدایات دیں۔

تاریگامی

کولگام کے اسمبلی ممبر محمد یوسف تاریگامی نے ضلع انتظامیہ سے تاکید کی ہے کہ وہ عوام کو لازمی سہولیات دستیاب رکھنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرے۔ ضلع افسران کی ایک میٹنگ میں انہوں نے ضلعے کے ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیتے ہوئے تمام زیر تعمیر پروجیکٹوں کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی ہدایت پر ضلع انتظامیہ کے افسران کی ایک ٹیم نے کل شیخ محلہ راجباغ اور رتھ پورہ عید گاہ کا دورہ کرکے وہاں آگ سے ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔ ٹیم کے ممبران نے متاثرہ کنبوں کو ضلع انتظامیہ کی جانب سے منظور کی گئی امداد فراہم کی۔ ڈپٹی کمشنر نے آگ کی ان وارداتوں میں ہوئے نقصان کے بارے میں تفصیلی رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت دی ہے۔

بانڈی پورہDC

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے ڈسڑکٹ روڈ سیفٹی کمیٹی کی ایک میٹنگ طلب کر کے روڈ سیفٹی اور ٹرانسپورٹ سہولیات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر جوکہ مذکورہ کمیٹی کے چیرمین بھی ہیں،نے عام لوگوں میں روڈ سیفٹی کے تعلق سے بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس سلسلے میں وضع کئے گئے رہنما خطوط پر عمل آوری کی بھی ہدایت دی۔

پنچایت چناؤ

جموں وکشمیر میں عنقریب پنچایتی انتخابات کرائے جائیں گے۔ اُمید ہے کہ یہ چناؤ اپریل اور مئی کے مہینوں میں منعقد ہونگے ۔ اس مقصد کےلئے سٹیٹ الیکشن کمیشن نے پہلے ہی تیاریاں شروع کی ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ جمونو کشمیر میں دفعہ370 کی تنسیخ سے پہلے2018میں آخری بار پنچایت چناؤ کرائے گئے تھے۔

جانکاری کیمپ

جرم کے پیش آنے کی صورت میں نئے فوجداری قوانین کے تحت جائے واردات پر حالات کا جائزہ لینے کے تعلق سے فارنسک سائنس لیبارٹری سرینگر میں کل شروع ہوا2روزہ تربیتی ورکشاپ جا ری ہے۔

اس دوران عام لوگوں کو فوجداری قوانین کے بارے میں جانکاری دینے کےلئے پولیس کے اہتمام سے کل ہائرسکنڈری سکول سنگم عید گاہ سرینگر میں بھی ایک جانکاری کیمپ منعقد کیا گیا۔ جبکہ ہندوارہ میں پولیس اور سیول سوسائٹی کے اہتمام سے منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد کیا گیا۔

یوم تاسیس

دفاعی سلامتی کور کے یوم تاسیس کے موقعے پر چنار کور کے جنرل آفیسر کمانڈنگ نے ڈیفنس سکیورٹی کور کی تمام رینکس، جوانوں اور انکے اہل خانہ کو مبارکباد دی ہے۔ چنار کور نے فرائض کی انجام دہی کے دوران اپنی جانیں قربان کرنے والے بہادر فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

شیو راتری

ملک کے مختلف حصوں کے ساتھ ساتھ جموںوکشمیر میں بھی مہا شیو راتری کا تہوار مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں شیو مندروں میں خصوصی پوجا کا اہتمام ہو گا۔ کشمیری پنڈت اس تہوار کو ہیرتھ کے نام سے موسوم کر تے ہیں اور اس تہوار کی مناسبت سے مندروں کے علاوہ اپنے گھروں میں بھی خصوصی پرارتھنا سبھاؤں کا انعقاد کر تے ہیں۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری نے جموںو کشمیر کے عوام کو مہا شیو راتری کی مبارکباد دی ہے۔ اس دوران سرکار نے شیو راتری کی مناسبت سے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔

سون میراث

سرینگر میں آج سے4روزہ ثقافتی میلے کا آغاز ہوا۔ " سون میراث " نامی اس میلے کا اہتمام ضلع انتظامیہ نے اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار دی آرٹس کے اشتراک سے کیا ہے۔ میلے کے دوران کشمیر کی بیش قیمت ، ثقافت اور تہذیب و تمدن کی عکاسی کی جارہی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....